## سوال

(162)اگر کتا مقتدیوں کے آگے سے گزر جائے تو مقتدیوں کی نیت ٹوٹ جائے گی یا نہیں۔

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مغرب کی جماعت ہو رہی تھی، ایک کتا باہر سے آکر مسجد میں داخل ہوگیا۔ ہر چند روکا، مگر نہ رکا۔ آخر کار جماعت کے آگے سے گذر کیا۔ پھر دوبارہ اسی طرف لوٹ آیا لیکن امام کے آگے سے نہیں گذرا اور کتے کا رنگ سرخ تھا۔ کیا نمازیوں کی نیت ٹوٹ گئی یا نہیں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز نہیں ٹوٹی، البتہ سیاہ کتے، عورت اور گدھے کے گذرنے سے حدیث میں آیا ہے کہ نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ مگر اکثر علماء کے نزدیک سے اس سے مراد بھی بالکل ٹوٹنا نہیں بلکہ مراد اس سے یہ ہے کہ خشوع ٹوٹ جاتا ہے۔ کیوں کہ ایک اور حدیث میں آیا ہے۔ کہ نماز کو کوئی شے نہیں توڑتی۔ ۔

## فتاویٰ علمائے حدیث

### جلد 3 ص 75

### محدث فتویٰ